## بچہ یسوعؔ کی مقدسہ ٹریضہ مشنؔ کی مربیہ

ایوب42:1-3,5-6,12-17 | زبور118

## لوقا 10:17-24

**بلکہ اس سے خوش ہو کہ تمہارے نام آسمان پر لکھے ہوئے ہیں۔لوقا 10:20**

متواتر پیار کرنا ایک مشق ہے۔جو یسوع ہم سے چاہتا ہے ہم یہ مشق دل سے کرتے ہیں کیونکہ یہ محبت کی مشق ہے۔گویا یوں کہنا جیسے اے باپ مجھے تیرا پیار ہی کافی ہے۔بچہ یسوع کی مقدسہ ٹریضہ تو جو اس پیار میں ماہر تھی۔تو ایک حقیقی بہن کی طرح ہماری مدد کر تا کہ ہم بھی اس عمل کو جاری وساری رکھ سکیں۔

# پاک نگہبان فرشتے

حبقّوق 1:2-3,2,2-4 زبور 94

2 تیموتاؤس 1:6-8,13-14 لوقا 17:5-10

**تُو روح القدس کے وسیلے سے جو ہم میں سکونت پذیر ہے اُس اچھی امانت کی نگہبانی کر۔ 2۔تیموتاؤس 1:14**

تیموتاؤس نے مقدس پولوس کے ہاتھوں چرواہا بننے اَور انجیل کا پرچار کرنے کے لئے مخصوصیت حاصل کی ہم نے یہ مخصوصیت تو حاصل نہیں کی مگر ہم سب نے بپتسمہ، یوخرست اَور دوسرے ساکرامنٹ کا خزانہ تو حاصل کیا ہے اور ایمان، اُمید اَور پیار کی نعمت حاصل کی ہے۔ جو روح القدس کی مدد اَور ہماری دُعاؤں سے ہم میں پروان چڑھتی اَور ہماری زندگی کا حصّہ بن جاتی ہے۔

غلاطیوں 1:6-12 زبور 110

لوقا 10:24-37

**اگر میں اب تک آدمیوں کو خُوش کرتا تو مسیح کا بندہ نہ ہوتا۔غلاطیوں 1:10**

مقدس پولوس غلاطیوں کو یقین دلاتا ہے کہ انسان یسوعؔ کے علاوہ کسی اور سے سچی محبت، سلامتی، معافی اور زندگی کی بھرپوری نہیں پا سکتا۔ انسان اِن سب خوبیوں کو حاصل کرنے کی خواہش تو رکھتا ہے۔مگر کئی بار صرف اپنی جسمانی خواہشات کی تسکین چاہتا ہے۔آئیں حلیمی سے اُس راہ کو اپنائیں جو یسوع نے ہمیں دکھائی ہے۔یعنی کلیسیا اور اُس کے ممبران کی سُنیں جو ہماری رہنمائی کے لئے مقرر کیئے گئے ہیں۔

# اسیسی کا مقدس فرانسس

غلاطیوں 6:14-18 زبور 15

متی 11:25-30

## میرا جوا نرم اور میرا بوجھ ہلکا ہے۔ متی 11:30

مقدس فلوربین کے گرجہ گھر کے کانسی کے رنگ کے گیٹ پر آٹھ لوگ دکھائے گئے ہیں۔ ہر کوئی اپنی صلیب اُٹھائے ہوئے ہے۔ جو کسی حد تک بھاری ہیں۔ ان میں سے سات ہیں۔ جو کسی نہ کسی کبیرہ برائی سے منسلک ہیں۔ مثلاً مغروری ، لالچ اور شہوت وغیرہ۔ آٹھواں کچھ چھوٹا اور قدرے ہلکا ہے۔ جس پر یسوع نام لکھا ہوا ہے۔ شکریہ اے یسوع کہ تیرا جوا، جو کہ تیری فرمانبرداری میں جینا ہے۔ شیریں اور تیرا بوجھ ہلکا ہے۔

غلاطیوں 2:1-2,7-14 زبور 116

## لوقا 11:1-4

**اے خداوند ہمیں دعا کرنا سکھا۔ لوقا 11:1**

یہ امر ضروری ہے کہ ہم یسوع کے پاس جائیں اَور اُس کے ساتھ رہیں تا کہ دُعا کرنا سیکھیں۔ اس کی دُعا اس کو باطنی طور پر باپ سے راحت بخش قرب ہمارے اندر ہمیں روح القدس کی مدد سے سرائیت کرتا چلا جائے گا۔ وہ جو کہ ہمیں خداوند یسوع عطا کرتا ہے تا کہ وہ اپنی صلیب اور رحم کے ذریعے ہمیں دُعا کرنا سیکھائے۔

## مقدس برونو

زبور 1:69-75

غلاطیوں 3:1-5

### لوقا 11:5-13

**کھٹکھٹاؤ تو تمہارے لیے کھولا جائے گا۔ لوقا 11:9**

کافی عرصے سے میں ہر روز اپنی ڈایوسیس کے لیے مقدس کاہنوں اور مذہبی رہنماؤں کے لیے دعا گو ہوں مگر اپنی دعا کا کوئی پھل نہیں دیکھتا۔ پھر بھی مستقل مزاج ہوں اور یسوع کی فرمانبرداری ایک بچے کی طرح کرتا ہوں۔ اور یقین کرتا ہوں کہ وہ خود اپنی طرف سے اپنی ذمہ داری نبھانا جانتا ہے۔

# خاتونِ روزری

غلاطیوں 3:7-14 زبور 110

لوقا 11:15-26

**پس جو ایمان سے ہیں وہ ابراہیم مومن کے ساتھ برکت پاتے ہیں۔**

**غلاطیوں 3:9**

مقدس پولوس رسول ہونے کے علاوہ ایک استاد اور عالم بھی تھے۔ وہ جی اُٹھے یسوع کا مفتوحہ تھا۔ اپنے عبرانی بھائیوں کو اسرار کرتے ہوئے کہتا ہے۔ کہ شریعت کے مطابق اعمال ہم پر زندگی کے دروازے نہیں کھولتے بلکہ صرف یسوع پر ایمان۔ وہی موعودہ برکت ہے۔ جو ابراہیم کے ایمان کے مطابق دی گئی۔ یہ وہی ہے اپنی صلیب کے ساتھ مقدس روزری کی ماں مقدسہ مریم کتنے فضائل، کتنی فتوحات اور ایمان کی بنا پر اسی روزری کی وجہ سے ہوتے ہیں جس کو ہم پیار کرتے ہیں۔

غلاطیوں 3:22-29 زبور 104

لوقا 11:27-28

## مبارک ہیں وہ جو خدا کا کلام سنتے اور اُس پر عمل کرتے ہیں۔ لوقا 11:28

مبارک ہیں وہ جو۔۔۔۔۔۔۔یسوع اس عورت کو جواب دے رہا ہے۔جو اس سے متاثر ہو کر یہ اعلان کرتی ہے۔کہ "مبارک ہے تیری ماں !یسوع اس پر ایک راز فاش کرتا ہے۔اور آج ہم پر بھی ظاہر کرتا ہے۔جیسے ہم میں سے ہر کوئی اس کی محبت سے مستفیض ہوتے ہوئے اور خداوند کے کلام سنتے اور اس پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اس کے دل میں اتر سکتا ہے۔

## مقدس ڈینس اور ساتھی، مقدس یوحنا لیونارڈی

2 ملوک 5:14-17 زبور 97

2 تیموتاؤس 2:8-13 لوقا 17:11-19

**اے یسوع اے اُستاد ہم پر رحم کر۔ لوقا 17:13**

آج کی انجیل میں متذکرہ دس کوڑھیوں کی مانند ہم بھی پورے یقین سے یسوع کے پاس جائیں۔ وُہ خُدا ہے اَور موت پر فتح پانے والا خُدا ہے۔ واحد کوڑھی جو یسوع کے پاس شکریہ کہنے کو واپس آتا ہے۔ ہم بھی اس کی مہربانیوں کو پہچانیں اور ہمیشہ اس کا شکریہ ادا کریں۔ اس کی قربت ہر تحفہ سے بڑھ کر ہے۔

غلاطیوں 4:22-24.26-27.31-5:1 زبور 112

لوقا 11:29-32

**مسیح نے ہمیں آزادی کے لئے آزاد کیا ہے۔ غلاطیوں 5:1**

آزادی لفظ محبت کی طرح ہے ایسا لفظ جو بہت سے دوسرے الفاظ کی طرح ہر رنگ میں استعمال کیا جاتا ہے۔آزادی جو یسوع ہمیں دیتا ہے۔وہ نہیں جو ہماری خودغرضی ہمیشہ سے استعمال کرنا چاہتی ہو۔بلکہ یہ وہ آزادی ہے۔جو ہمیں ہماری خودغرضی سے چھڑانا چاہتی ہے۔

غلاطیوں 5:1-6

زبور 118

لوقا 11:37-41

## مسیح یسوع میں نہ تو ختنہ کچھ فائدہ دیتا ہے اور نہ نامختونی مگر ایمان جو محبت سے عمل کرتا ہے۔ غلاطیوں 5:6

پولوس بڑی سماجت سے لوگوں کو کہتا ہے کہ وُہ اُنہیں پیار کرتا ہے۔ اگرچہ وُہ شریعت اَور روایت کا بڑا پابند تھا۔ مگر وہ خُدا کا فضل پانے کے بعد سمجھ گیا کہ ہمیں یسوع کے علاوہ اَور کوئی نہیں بچاسکتا۔ صلیبی موت اَور جی اُٹھنے کا فضل ہمیں ملا ہے کہ اُس کے کلام پر عمل کرتے ہوئے حقیقی زندگی میں داخل ہوسکیں۔

غلاطیوں 5:18-25 زبور 1

لوقا 11:42-46

## اگر ہم روح کے سبب سے زندہ ہیں تو روح کی تقلید کرنا چاہیئے۔

غلاطیوں 5:25

ہماری اصلی زندگی خُدا کے بچے ہونے کی حیثیت سے آسمان پر ہے۔ روح پاک میں جینا یسوع کا ایک تحفہ ہے۔ ہماری جسمانی زندگی فطرتاً جاری رہتی ہے۔ مگر روح کی زندگی لمحہ بالمحہ آزاد مرضی سے تب ملتی ہے جب ہم محبت، خوشی، صلح، سلامتی، صبر، مہربانی، فراخ دلی، وفاداری، شائستگی اَور نفس کشی کو اپنا لیتے ہیں۔

افسیوں 1:1-10

زبور 97

لوقا 11:47-54

## اُس نے اپنی مشیت کا بھید ہم پر ظاہر کیا۔ افسیوں 1:9

مقدس پولوس کی دعائیں ایسی اُبھرتی ہیں جیسے ایک کنول کا پُھول۔ اسکی دُعائیں خُدا کے تعجب انگیز کاموں کیلیئے جو اس نے یسوع میں ظاہر کیے شکرگزاری ہیں اس کی دُعاؤں میں حکمت اُور علم پایا جاتا ہے۔ جو اس نے روح القدس سے پایا اگرچہ ماضی میں وُہ اسرائیل کا استاد تھا مگر اب وُہ یسوع میں ایک نیا مخلوق بن گیا ہے۔

## مقدس کلیسطس اوّل

افسیوں 1:11-14

زبور 32

### لوقا 12:1-7

**نہ ڈرو۔ تُم تو بہت چڑیوں سے زیادہ قدر رکھتے ہو۔ لوقا 12:7**

یہ کلام ہمیں مقدسین کے بارے میں سوچنے پر مجبور کرتا ہے: وہ صرف باپ کے دِل میں رہنے کی کوشش کرتے تھے، اپنے بھائیوں کے لئے اِس کی محبت کو زندہ کرتے تھے۔ اس محبت نے ان میں کچھ کو جسمانی موت تک پہنچایا، تاہم، دوسروں نے اُنہیں خطرات کے درمیان رکھا۔ تاہم، باپ نے کوئی کھویا نہیں ہے۔ وہ اپنی بادشاہی میں اُنہیں خوشی سے بھر رہا ہے۔

# مقدسہ ٹریضہ آف جیزز

افیسوں 23-15:1

زبور 8

## لوقا 12-8:12

## روح القدس اُسی گھڑی تمہیں سکھائے گا کہ کیا کہنا چاہیئے ۔ لوقا 12:12

مَیں اپنے دِل میں روح پاک کی موجودگی کی حفاظت کرونگا۔ کیونکہ وہ حلیمی ، معافی ، خوشی صُلح کی روح ہے۔اس طرح سے مَیں یسوع جو خُدا کا سچا کلمہ ہے کو اجاگر کرونگا مقدس ٹریضہ کلیسیا کی معلّمہ ہمارے لئے دُعا کر۔

خروج 13-8:17　　زبور120

2 تیموتاؤس 14-4,2:3　　لوقا 8-1:18

## میں تم سے کہتا ہوں کہ وہ جلد اُن کا انصاف کرے گا۔لوقا 8:18

ہم بھی اپنے آپ کو اُن چُنیدہ لوگوں میں شامل کریں جو دِن رات اُسے پکارتے ہیں۔ہم جو فرمانبردار وفادار اَور غریب ہیں مگر خوشی سے معمور یسوع جی اُٹھے کے گرد ہیں۔دُنیا مقدسین کی دُعاؤں سے قائم ہے۔ہمت کرو۔اپنے بھائیوں کے ساتھ مل کر یسوع کے ساتھ دُعا میں مشغول رہو۔

## انطاکیہ کا مقدس اگنیشس

افسیوں 1:4,17:3 زبور 33

### یوحنا 26-24:12

**کسی کی زندگی اُس کے مال کی فراوانی پر منحصر نہیں۔ لوقا 15:12**

بھائی جو اپنی وراثت کیلئے جھگڑتے ہیں جانیں کہ اُن کی زندگی اُنکی ملکیت پر منحصر نہیں بلکہ اس میں ہے کہ ہم دوسروں کے ساتھ کیا بانٹتے ہیں۔ اس دنیا میں جو کچھ ہم دوسروں کے ساتھ بانٹینگے آسمان پر ہمیشہ کی زندگی کیلئے خزانہ جمع کرینگے۔ اس زندگی میں دولت کیلئے جھگڑنا کوئی معنی نہیں رکھتا۔

# مقدس لوقا انجیل نویس

2 تیموتاؤس 4:10-17
زبور 144

## لوقا 10:1-9

## خدا کی بادشاہی تمہارے نزدیک آ پہنچی ہے۔ لوقا 10:9

روزانہ صبح کی دُعا بہت ضروری ہے۔اپنی روزانہ مصروفیات سے پہلے جتنا ہو سکے ہم اپنا وقت یسوع کے ساتھ گزاریں۔پاک ماس میں شراکت ہو یا مقدس بائبل کے اقتباس پر غور و خوص روح القدس ہماری رہنمائی کرتا ہے تاکہ ہم یہ کہہ سکیں کہ خُدا کی بادشاہت نزدیک ہے۔اے مقدس لوقا ہماری مدد کر۔

افسیوں 3:2-12　　(زبور) اشعیا 12:2-6

لوقا 12:39-48

**مبارک ہے وہ غلام جسے مالک آ کر یوں ہی کرتا پائے۔ لوقا 12:43**

وُہ کونسا کام ہے جس کیلئے یسوع نے غلام کو مبارک ٹھہرایا۔ وُہ جو کھانا تقسیم کرتے ہوئے اپنی زندگی بھی بانٹتا ہے وُہ نہیں جانتا کہ اُس کا مالک، آقا کب آئے مگر وُہ اپنے اُستاد کا کام بڑی بیداری کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہے۔

افسیوں 3:14-21 زبور 32

لوقا 12:49-53

## تم اُس کی روح سے باطنی انسانیت کی نسبت قدرت کے ساتھ زور آور ہوجاؤ۔ افسیوں 3:16

اگر میَں روح القدس کی رہنمائی میں چلتا ہوں تو وُہ ہماری رہنمائی کرتا ہے کہ میرے خیالات، احساسات میرا کردار خُدا کی مرضی کے مطابق ہو جب میَں اُس کے ساتھ متحد ہوں تو اُس کی محبت میں اَور امن کی خوشی پاتا ہوں۔ مشکل وقت میں مضبوط اَور محبت میں کامل ہوتا ہوں۔

افسیوں 4:1-6 زبور 23

## لوقا 12:54-59

### اور جب تو اپنے مُدعی کے ساتھ حاکم کے پاس جاتا ہے تو راہ میں کوشش کر کہ اُس سے چھوٹ جائے۔ لوقا 12:58

کسی کے ساتھ معاملہ حل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ہم باہمی فیصلہ کرلیں۔ مگر کیسے؟ مجھے یوں لگتا ہے کہ مجھے اپنی اَنا اَور غرور کو چھوڑ کر باپ کے حقیقی بیٹے بننا ہے جس طرح مقدس پولوس ہمیں تاکید کرتا ہے۔

# مقدس جان پال دوئم

افسیوں 4:7-16 زبور 121

لوقا 13:1-9

## شاید کہ آئندہ پھلے۔نہیں تو پھر کٹوا دینا۔ لوقا 13:9

ہم بہت جلدی بُھول جاتے ہیں کہ یسوع نے ہمارے لئے بہت دُکھ اٹھائے آج بھی یسوع ہماری نجات کیلئے کام کر رہا ہے۔ہم بُھول جاتے ہیں کہ اُس کے ساتھ ہماری زندگی ہے۔وُہ ہمیں اتنا پیار کرتا ہے اُور نہیں چاہتا کہ ہم اُس سے کبھی جدا ہُوں۔

## مقدس جان کیسپٹر نیو

یشوع بن سیراخ 35:12-14.17-18(15-17.20-22) زبور 33

2 تیموتاؤس 4:6-8.16-18 لوقا 18:9-14

## جو کوئی اپنے آپ کو بڑا بنائے گا وہ چھوٹا کیا جائے گا۔ لوقا 14:18

جب میَں اپنے آپ کو خاص سمجھتا ہوں تو مغروری کی وجہ سے گر جاتا ہُوں اگرچہ ہم بہت چھوٹے ہیں مگر خدا پر میرا مکمل بھروسہ ہے۔ وُہ ہمیں جانتا اَور ہمیشہ ہمیں پیار کرتا ہے۔ ہم عظیم ہیں جب ہم اُسے اَور اُسکے بچوں کو خوش کرتے ہیں۔

## مقدس انتھونی میر کلارٹ

افسیوں 8,5-32:4
زبور 1

### لوقا 13 :10-17

### یسوع نے اُسے دیکھ کر اپنے پاس بلایا۔ لوقا 12:13

تم نے بھی مجھے دیکھا ہے اَور اپنے پاس بُلایا ہے یہی میری خوشی ہے۔ اگر چہ مجھے کچھ دکھ سہنے ہیں مگر یہ میری قوت ہے۔ تیرا زندہ کلام صلیب کو برداشت کرنے کیلئے میری قوت ہے۔ یسوع مَیں تیرے پیار پر پورا یقین رکھتا ہوں۔

زبور 127

افسیوں 5:21-33

لوقا 13:18-21

## خدا کی بادشاہی رائی کے دانے کی مانند ہے۔لوقا 13:19

یسوع خدا کی بادشاہت سے متعلق کہتا ہے۔اُس کی سچائی اَور زندگی سے متعلق جو دُنیا سے اوجھل ہے۔ جہاں خُدا کی بادشاہت ہے وہاں بہت کچھ زندہ ہے۔یسوع کہتا ہے تم مجھے دیکھو گے کیونکہ میں زندہ ہوں اَور تم بھی زندہ ہو۔ چھوٹے سے چھوٹا کام ایک رائی کے دانے کی مانند ہے جو بڑا ہوتا ہے اَور بہت سا پھل لاتا ہے۔

افسیوں 6:1-9 | زبور 144

لوقا 13:22-30

**وہ تم سے کہے گا۔میں تمہیں نہیں پہچانتا۔تم کہاں کے ہو؟ لوقا 13:27**

یسوع اکثر دفعہ گاؤں میں جا کر لوگوں سے ہمکلام ہوتا کیونکہ وُہ بھی خُدا کی قوم ہیں مگر وُہ ایسے لگتے ہیں جیسے پردیسی ہوں۔ میَں اکثر دفعہ سوچتا ہوں کیا میرا رہن سہن خُدا کی طرف سے ہے یا روح القدس سے۔

افسیوں 6:10-20 | زبور 143

## لوقا 13:31-35

**پس مجھے ضرور ہے کہ آج کل اور پرسوں چلتا رہوں۔ لوقا 13:33**

فریسیوں نے یسوع کو یروشلیم سے نکل جانے کو کہا کیونکہ ہیرودیس اُسے قتل کرنا چاہتا تھا یسوع نے اس کو حل نہ کیا کیونکہ یہ خدا کی مرضی کے مطابق نہ تھا۔ وُہ اپنے آپ کو خُدا کے ہاتھوں محفوظ سمجھتا تھا۔

# مقدس شمعون اور مقدس یہودہ رسول

افسیوں 2:19-22 زبور 18

لوقا 6:12-19

## خدا سے دُعا کرتے ہوئے تمام رات گزاری۔ لوقا 6:12

یسوع نے بارہ رسولوں کو چننے سے پہلے ساری رات دُعا میں گزاری یہ وُہ لوگ تھے جو خُدا کے لوگوں کے رہنما تھے۔ آج ہم اُن کی عید مناتے اَور خوش آمدید کہتے ہیں۔ اِس ایمان کی شکر گزاری وُہ لوگ کرتے تھے جو خُدا کے لوگوں کے رہنما تھے۔ آج ہم اُن کی عید مناتے اَور خوش آمدید کہتے ہیں۔ اِسی ایمان اَور شکر گزاری کے ساتھ آج ہم اپنے بشپ کو جو رسولوں کا جانشین ہے اُنکو خوش آمدید کہتے ہیں۔

فیلپیوں 1:18-26

زبور 41

## لوقا 14:1,7-11

**بلکہ جب تُو بُلایا جائے تو سب سے نیچی جگہ بیٹھ۔** لوقا 14:10

یسوع تو ایک اچھے باپ کی طرح ہماری تعلیم و تربیت کرتا ہے۔وہ جانتا ہے کہ خُدا اَور انسان حلیم لوگوں سے خوش ہوتے ہیں۔اے خداوند اس راہ پر چلنے کیلئے ہماری حوصلہ افزائی کر۔میری بڑی خواہش ہے کہ مَیں بڑے بڑے کام کر کے عزت پاؤں۔مجھے یاد کرواکہ صرف چھوٹے بننے سے ہی خدا ہمیں اپنی باہوں میں لیتا ہے۔

حکمت 2:11-12,22

زبور 144

2۔تسالونیکوں 1:11-2:2

لوقا 19:1-10

## اُس خواہش تھی کہ یسوع کو دیکھے کہ کونسا ہے۔ لوقا 19:3

زکائی کو چھوٹا قد ہونے کی وجہ سے بہت سی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہر کوئی جو یسوع کو دیکھنا چاہتا ہے۔ اُسے بھی بہت سی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لوگوں کے بڑے ہجوم میں قیمتی چیز کو کھو دینے کا خوف۔ زکائی کی طرح اگر یسوع ہمیں ڈھونڈ لیتا ہے تو ہمیں کوئی اَور خواہش نہیں۔ کیونکہ ہم نے پالیا ہے جسے ہم پیار کرتے ہیں جو ہمیں معاف کرتا ہے۔ تو آئیں ہم یسوع کو ڈھونڈیں۔